## سوال

(967) عورتوں کا بازووٴں سے بال اتارنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

یہ سوال بڑی کثرت سے پوچھا جاتا ہے کہ اگر عورت کے بازووٴں پر بال ہوں اور شوہر اسے برا سمجھتا ہو تو کیا اسے تھریڈنگ وغیرہ کے ذریعے سے نوچنا جائز ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ اللہ کی پیدا کردہ خلقت اور صورت کو تبدیل کرنا ہے۔ اگر اللہ عزوجل نے اس عورت کو اسی طرح پیدا کیا ہے کہ اس پر بال قدرے زیادہ ہیں، تو واجب ہے کہ وہ اللہ کی اس خلقت اور پیدائش پر راضی رہے اور اسے تبدیل کرنے کی کوشش نہ کرے، سوائے اس کے جس کی اللہ تعالیٰ نے اجازت دی ہے مثلا بغلوں وغیرہ کے بال نوچنا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

### صفحہ نمبر 685

### محدث فتویٰ